# 1 دیکھیں کدھر سے







ہمارے استاد نے ہم سے کار کی تصویر بنانے کے لیے کہا۔ ہم سب نے کار کی الگ الگ تصویریں بنائیں۔ اگلے دن سب نے بڑے جوش و خروش سے ایک دوسرے کو اپنی اپنی تصویریں دکھائیں۔ تب ہی انشول ہنسنے لگا۔ وہ دھیرج کی بنائی کار کی تصویر کو دیکھ رہا تھا۔


انشول نے کہا یہ تو ایسا لگ رہا ہے کہ ایک چھوٹا ڈبہ کسی بڑے ڈبہ میں رکھا ہوا۔ پھر انشول نے اپنی بنائی تصویر دھیرج کو دکھائی۔

دونوں نے ایک ہی کار کی تصویریں بنائی تھیں۔ مگر دونوں کی تصویریں بالکل مختلف دکھائی دے رہیں تھیں۔ دھیرج نے بتایا کہ اس نے کار چھت پر سے دیکھی تھی۔ کیا آپ سوچتے ہیں کہ اس کی یہ عجیب و غریب تصویر ٹھیک ہے؟

- کیا آپ نے کبھی ایک ہی چیز کو مختلف پہلوؤں سے دیکھا ہے۔
  کیا وہ چیز ہر پہلو سے ایک سی ہی لگتی ہے یا الگ الگ لگتی ہے؟




- ان تصویروں کو دیکھو۔ کنارے سے میز کیسی دیکھتی ہے؟ کون سی تصویر میز کو اوپر سے دیکھ کر بنائی گئی ہے؟



نیچے کچھ تصویریں بنائی گئی ہیں۔ ذرا سوچو کہ جب ان چیزوں کو اوپر سے دیکھیں گے تو یہ کیسی دیکھیں گی۔



کیا یہ کچھ ایسی لگیں گی؟



© NCERT not to be republished

## چلو کچھ کام کریں



A. ایک بلی ایک کلاس کے اندر جھانک رہی ہے۔ وہ کلاس میں استاد کو ڈھونڈنا چاہتی ہے کیا آپ استاد کو ڈھونڈنے میں اس کی کچھ مدد کر سکتے ہیں؟


B. نیچے کچھ چیزوں کی تصویریں دی گئی ہیں۔ معلوم کرو کہ کس طرف سے دیکھنے پر وہ ایسی دیکھیں گی۔



میز




سیڑھیاں



سیڑھیاں



بس



پنسل



کرسی


C. کچھ چیزوں کو اوپر سے دیکھ کر ان کی تصویر بنائیے اور اپنے دوستوں سے پوچھیے وہ کن چیزوں کی تصویریں ہیں؟

© NCERT not to be republished

# رنگولی




نیچے دیئے گئے نقطوں کو ملا کر آپ بھی رنگولی بنا سکتے ہیں۔ یہاں رنگولی کے دو نمونے دیئے گئے ہیں۔







© NCERT not to be republished

## آپ بھی اور ڈیزائن بنایئے


1۔ نیچے دی گئی خالی جگہ میں ان شکلوں کو پھر سے بنایئے۔






© NCERT
not to be republished

2۔ نقطوں کا استعمال کرتے ہوئے سے اپنی پسند کی شکلیں اور ڈیزائن بنائیے۔



3۔ نیچے چھ نامکمل مربع اور مستطیل ہیں، نقطوں کو ملاتے ہوئے ان کو پورا کریں۔



© NCERT
not to be republished

4۔ نیچے دیئے نقطوں کا استعمال کرتے ہوئے مندرجہ ذیل کی تصویریں بنائیں۔

(a) ایک پتنگ
(b) ایک پتّا
(c) ایک پھول
(d) ایک کشتی
(e) ایک ستارہ
(f) ایک برتن

کسی چیز کو کہاں سے دیکھا گیا ہے، تصویر اسی حساب سے بنتی ہے۔ شروع کے صفحات میں یہی دکھایا گیا ہے۔ کسی ٹھوس چیز کے تین ابعاد (Dimension) ہوتے ہیں۔ جب اس کی تصویر بناتے ہیں تو اس کو دو ابعاد میں باندھنا ہوتا ہے۔ نقطوں کے گرڈ پر اشکال بنانے سے تشاکل کی سمجھ پیدا ہوگی۔ تشاکل کے معنی ہیں ایک ہی شکل کے۔ تصویر کو گھمانے، کھسکانے یا آئینے میں دیکھنے پر اشکال کیسے تشاکل میں دکھائی دیتی ہیں اس بات کو سبق پانچ اور دس میں بھی لیا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished

# جیسے کو تیسا

ایک دن امینہ ایک مصوّر (تصویر بنانے والا) سے ملی۔




تھوڑی دیر بعد مصوّر نے اسے اپنی بنائی ہوئی تصویر دکھائی۔





امینہ نے اسے 100 روپے کا نوٹ دیا۔




© NCERT not to be republished

مصوّر نے ایسی بہت ساری تصویریں بنائیں جس میں اس نے ان چیزوں کا صرف آدھا حصہ ہی بنایا۔ ان تصویروں کے باقی بچے حصوں کو بنایئے اور پتہ لگایئے کہ یہ کن چیزوں کی تصویریں ہیں۔ ان چیزوں کے لئے آئینہ کی مدد لی جاسکتی ہے۔




کیا ہم درج ذیل تصویریں بنانے میں مصوّر کی ترکیب کا استعمال کر سکتے ہیں؟



آپ مصوّر سے ایسی چیزوں کی تصویر بنانے کے لیے کہیں جو ایک جیسے دو حصوں میں نہ بانٹی جاسکیں۔ تو وہ اب یہ ترکیب استعمال نہیں کر پائے گا۔ تین اور ایسی چیزوں کی تصاویر بنایئے جنہیں آئینہ کی تصویر کی طرح دو برابر حصوں میں نا بانٹا جاسکے۔

## آدھے آئینے

دیکھیے نقطہ دار خط پر آئینہ رکھ کر دیکھیے پر کیا آدھا حصہ ایسا ہی دیکھے گا جیسا کہ تصویر میں دیکھتا ہے؟




کچھ اور مثالیں دیجیے۔

اوپر دیئے گئے دو مستطیلوں کو نقطہ دار خط دو مساوی نصفوں میں کاٹتی ہے لیکن غور کیجیے کہ یہ دونوں نصف حصے ایک دوسرے کے آئینہ دار نہیں ہیں۔


© NCERT
not to be republished

آپ درج ذیل تصویروں کو نقطہ دار خط کا استعمال کر کے کیا دو برابر حصوں میں بانٹ سکتے ہیں؟




© NCERT not to be republished



ان حروف کا استعمال کر کے ہم ایسے الفاظ بھی بنا سکتے ہیں جن کے دو برابر حصے ہو سکتے ہیں۔





© NCERT not to be republished

# ماسک بنانا




آپ نیچے دی گئی تصویروں کی مدد سے بہت سارے ماسک بنا سکتے ہیں۔



© NCERT not to be republished